بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

الفضل

روزنامہ

ربوہ

یوم جمعہ ۱۷

The Daily
ALFAZL
RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۸/۳۳	۲۵ رجب ۱۳۹۹ھ ؛ ۲۱ احسان ۱۳۵۸ھش ؛ ۲۱ جون ۱۹۷۹ء	نمبر ۱۳۹

بحرِ حکمت کے موتی جوامع الکلم جواہر الکلام

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گناہ سے یا کامل خوف چھڑاتا ہے یا کامل محبت

حقیقی نجات کی فلاسفی یہ ہے کہ اسی دنیا میں انسان گناہ کے دوزخ سے نجات پا جائے

ارشادِ باری تعالیٰ

وَاِنْ مِّنْکُمْ اِلَّا وَارِدُھَا ۚ کَانَ عَلٰی رَبِّکَ حَتْمًا مَّقْضِیًّا ۝ ثُمَّ نُنَجِّی الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِیْنَ فِیْھَا جِثِیًّا ۝

(مریم آیت ۷۲-۷۳)

ترجمہ:- تم میں سے ہر شخص اس (یعنی دوزخ) میں جانے والا ہے۔ یہ خدا (تعالیٰ) کا ایسا پکا وعدہ ہے جو ہو کر رہے گا۔ اور ہم متقیوں کو بچا لیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

لَوْ یَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰہِ مِنَ الْعُقُوْبَۃِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِہٖ اَحَدٌ ، وَلَوْ یَعْلَمُ الْکَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰہِ مِنَ الرَّحْمَۃِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِہٖ اَحَدٌ

(مسلم کتاب التوبہ)

ترجمہ:- (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اگر مومن کو اللہ تعالیٰ کی سزا اور گرفت کا اندازہ ہو کہ کتنی شدید اور سخت ہے تو وہ جنت کی امید نہ رکھے اور یہی سمجھے کہ اس گرفت اور سزا سے بچنا محال ہے۔ اور اگر کافر کو اللہ تعالیٰ کے خزائن رحمت کا اندازہ ہو تو وہ اس کی جنت سے ناامید نہ ہو اور یقین کرے کہ اتنی بڑی رحمت سے بھلا کون بدقسمت محروم رہ سکتا ہے۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

"میں ..... تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر ایک مسیح نہیں ہزار مسیح بھی مصلوب ہو جائیں تو وہ تمہیں حقیقی نجات ہرگز نہیں دے سکتے کیونکہ گناہ سے یا کامل خوف چھڑاتا ہے یا کامل محبت۔ ..... حقیقی نجات کی فلاسفی یہ ہے کہ اسی دنیا میں انسان گناہ کے دوزخ سے نجات پا جائے۔ مگر تم سوچ لو کہ کیا تم ایسی کہانیوں سے گناہ کے دوزخ سے نجات پا گئے؟ یا کبھی کسی نے ان بیہودہ قصوں سے جن میں کچھ بھی سچائی نہیں اور جن کو حقیقی نجات کے ساتھ کوئی بھی رشتہ نہیں نجات پائی ہے؟ مشرق و مغرب میں تلاش کرو کبھی تمہیں ایسے لوگ نہیں ملیں گے جو ان قصوں سے اس حقیقی پاکیزگی تک پہنچ گئے ہوں جس سے خدا نظر آجاتا ہے اور جس سے نہ صرف گناہ سے بیزاری ہوتی ہے بلکہ بہشت کی صورت پر سچائی کی لذتیں شروع ہو جاتی ہیں اور انسان کی روح پانی کی طرح بہہ کر خدا کے آستانہ پر جا گرتی ہے اور آسمان سے ایک روشنی اترتی اور تمام نفسانی ظلمت کو دور کر دیتی ہے اسی طرح جبکہ تم روزِ روشن میں چاروں طرف کھڑکیاں کھول دو تو یہ طبعی قانون تمہیں نظر آجائے گا کہ فی الفور سورج کی روشنی تمہارے اندر آجائے گی لیکن اگر تم اپنی کھڑکیاں بند رکھو گے تو محض کسی قصہ یا کہانی سے وہ روشنی تمہارے اندر نہیں آسکتی۔ تمہیں روشنی لینے کے لئے یہ ضرور کرنا پڑے گا کہ اپنے مقام سے اٹھو اور کھڑکیاں کھول دو ..... سو وہ پانی جس سے تم سیراب ہو جاؤ گے اور گناہ کی سوزش اور جلن جاتی رہے گی وہ یقین ہے۔"

(ریویو آف ریلیجنز اردو جلد اول صفحہ ۲۳-۲۹)

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۱ جون۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آجکل اسلام آباد میں قیام فرما ہیں۔ کل کی اطلاع یہ ہے کہ:-

حضور کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت و عافیت سے رکھے اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کو اگرچہ کل بلڈ پریشر کی تکلیف ہوئی مگر عام طبیعت اچھی ہے۔

احباب جماعت بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

ضروری اعلان

مکرم مبارک احمد صاحب طاہر مشیر قانونی تحریک جدید ربوہ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس کارپرداز کا ممبر نامزد فرمایا ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فضل سے وصایا پر غور کر کے صحیح نتیجہ پر پہنچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

ضرورت اساتذہ

ہمیں چند ایم۔ ایس سی، انگلش، کیمسٹری اور ریاضی کے فرسٹ کلاس اساتذہ کی ضرورت ہے۔ ایم ایڈ، بی ایڈ اور تعلیمی تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

خدمتِ خلق اور خدمتِ دین کا شوق رکھنے والے اساتذہ اپنی درخواستیں مع نقول سرٹیفکیٹس و دو عدد چھوٹے فوٹو ارسال فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں۔ ربوہ)

فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز وقفِ جدید کے بارے میں فرماتے ہیں:-

"ہمیں بھولنا نہیں چاہیئے کہ ہر سال ہمارا قدم آگے ہے۔"

کیا وقفِ جدید کی مالی قربانی میں بھی آپ کا قدم آگے ہے؟

(ناظم مال وقفِ جدید۔ ربوہ)

پبلشر:- مسعود احمد ؛ پرنٹر:- سید عبدالحی ؛ مطبع:- ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقامِ اشاعت:- دفتر الفضل دارالرحمت ربوہ

خطبہ جمعہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی استعدادِ خیر خواہی میں بڑی وسعت ہے وہ انسانی زندگی کے ہر شعبہ اور زمین کے ہر خطہ کا احاطہ کئے ہوئے ہے

آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ظلم و فساد کو دور کرنے کی کوشش کرو اگر مادی سامان موجود نہ ہوں تو روحانی ذرائع سے کام لو

آج ہم دنیا میں ہر سو پھیلے ہوئے ظلم و فساد کو روکنے کی طاقت نہیں رکھتے اس لئے دعائیں کرو کہ انسان انسان سے پیار کرنے لگ جائے

اس قدر دعائیں کرو کہ خدا تعالیٰ ان کے نتیجہ میں بنی نوع انسان کے لئے سکھ اور آپ کیلئے اپنے پیار کی جنتوں کے سامان پیدا کرے

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۸ احسان ۱۳۵۸ ہش مطابق ۸ جون ۱۹۷۹ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

(مرتبہ مکرم ملک یوسف سلیم صاحب شاہد ایم۔اے انچارج شعبہ اردو نویسی ربوہ)

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:-

اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی قدرتوں کا جلوہ ہمیں ہر جگہ نظر آتا ہے۔

یہ گرمی کا موسم ہے اور پچھلے چند دنوں سے بڑی شدید گرمی ہو گئی ہے اس کے بہت سے فوائد ہیں یہ مضر کیڑوں کو تلف کرتی ہے۔ بہت ساری فصلوں کے لئے مفید ہے وغیرہ وغیرہ۔ اس تفصیل میں اس وقت جانے کی ضرورت نہیں۔

لیکن اس وقت جو مختصر سی بات میں اس سلسلہ میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانی جسم کو اس کے ماحول کے ساتھ اس طرح باندھا ہے کہ جس وقت گرمی اور سردی آتی جاتی ہیں تو انسانی جسم کے اندر کے بیسیوں شاید سینکڑوں ایسے نظام ہیں جو اس کے نتیجہ میں اپنے اندر تبدیلی پیدا کرتے ہیں اور اس طرح پر سردی سے گرمی ہو جانے کے نتیجہ میں بہت سی تکلیفوں سے وہ محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے

انسانی جسم کے اندر

ایسا انتظام کیا ہے کہ اس کے اندر جو بہت سے نظام ہیں، سینکڑوں ہزاروں ہوں گے وہ سارے ADJUST کرتے ہیں۔ جوں جوں درجۂ حرارت بڑھتا چلا جاتا ہے انسانی جسم کے نظام اس درجۂ حرارت کے مطابق کام کرنے کے لائق بننے کے لئے اپنے اندر تبدیلی پیدا کرتے ہیں اور جب گرمی سے سردی آتی ہے تو جوں جوں سردی بڑھتی چلی جاتی ہے انسانی اجسام کے اندر جو نظام اور شعبے ہیں کام کرنے والے ان شعبوں میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے اور وہ سردی کی شدت میں کام کرنے کے لائق ہو جاتے ہیں۔ اگر وہ اسی حالت میں رہیں برفانی موسم میں جس حالت میں کہ اس وقت ہمارا جسم ہے تو سارے ہی بیمار ہو جائیں اور برداشت نہ کر سکیں لیکن بتدریج سردی سے گرمی، گرمی سے سردی ہوتی ہے اور بتدریج انسانی جسموں کے اندر سینکڑوں تبدیلیاں پیدا ہوتی چلی جاتی ہیں خدا تعالیٰ کے حکم اور اس کے منشاء کے مطابق۔ لیکن انسان بعض دفعہ غلطی کرتا ہے اور اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے اپنی ہی غفلت اور غلطی کے نتیجہ میں۔ دو چار دفعہ مجھے لو لگ گئی جس کو انگریزی میں ہیٹ سٹروک (HEAT STROKE) کہتے ہیں اور جسے اس طرح دو ایک دفعہ لو لگ جائے اسے گرمی تکلیف دیتی ہے۔ بیماری بن جاتی ہے اس کے لئے۔

اس وقت میری یہی کیفیت ہے۔ لیکن یہ تو میرا اپنا گناہ تھا کہ میں نے خیال نہیں کیا اور اِذَا مَرِضْتُ۔ میں خود اپنی غفلت کے نتیجہ میں بیمار ہو گیا اور اس کا نتیجہ میں بھگتتا ہوں۔ لیکن خدا تعالیٰ نے یہ انتظام کر رکھا ہے انسان کے جسموں کے اندر کہ (جس طرح تھرمامیٹر کا پارہ گرمی کے ساتھ اونچا ہوتا اور سردی کے ساتھ نیچا ہوتا ہے) اسی طرح

انسانی اجسام کے نظام

جو ہیں وہ ADJUST کرتے ہیں، مطابق ہوتے چلے جاتے ہیں گرمی اور سردی کے تاکہ جسم تکلیف نہ اٹھائیں اور ان کے کام کرنے کی قوت جو ہے اس کے اندر کوئی کمزوری نہ پیدا ہو جائے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بڑی عظمت ہے ہمارے خدا میں اور اس کی قدرتوں کے جلوے اپنی شان اور وسعتوں کے ساتھ ہمارے سامنے unfold ہوتے ہیں۔ ایک کے بعد دوسرا آتا چلا جاتا ہے۔ اور سائنسدان (جو عقلمند ہیں ان میں سے) وہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ ابھی تک ہم نے خدا کی مخلوق کا جو علم حاصل کیا۔ وہ ایسا ہی ہے جیسا کوئی ناخن کے ساتھ دیوار کے ذرا ذرا سے ذرے اتار لے۔ اور سارا قلعہ جو ہے وہ اسی طرح چھپا کھڑا رہے۔ ہمارا علم جو ہے اس نے تو خدا کی کائنات اور اس کی شان اور اس کی قدرتیں جو کائنات کے اندر ہیں، ان کا احاطہ نہیں کیا۔ ہمارے علم میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور کبھی بھی انسانی علم خدا تعالیٰ کی قدرتوں کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

خدا تعالیٰ کی قدرتیں

غیر محدود اور انسان کا علم محدود ہے۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی استعداد خیر خواہی (یعنی جو آپ کو خدا تعالیٰ نے یہ صلاحیت دی کہ بنی نوع انسان کی خیر خواہی کریں اس) میں بھی بڑی وسعت ہے۔ اور انسان کے ہر شعبۂ زندگی کا احاطہ کیا ہوا ہے خیر خواہی نے اور اس کی ہدایت کے سامان پیدا کئے اور دنیا کے ہر خطہ کا احاطہ کیا اور ہر خطہ کی ضرورتوں کے مطابق انسان کو تعلیم دے دی اور آپ اسوہ بن گئے۔

جیسا کہ میں نے پہلے بھی بتایا۔ ہمارے

افریقہ کے ایک بزرگ

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا اسوہ لباس کے متعلق یہ ہے کہ جو میسر آئے وہ پہن لو۔ تو یہ اسوہ قائم کر دیا۔ پگڑی بھی پہنی رومال بھی سر پر باندھا۔ ٹوپی بھی ہر قسم کی پہنی۔ جس قسم کے سر کے بال میسر تھے عرب کو سارے آپ نے استعمال کر لئے اور کسی کو بھی دھتکارا نہیں۔ اسی طرح قمیص کا انہوں نے ذکر کیا اور شلوار اور دھوتی وغیرہ ہر قسم کے حالات میں سے آپ گزرے۔ اور ہر قسم کا لباس استعمال کیا۔ جوتی کے متعلق بھی یہی عمل رہا اور نتیجہ نکالا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ اسوہ ہے کہ جو میسر آئے وہ پہنو۔

میسر میں دو چیزیں ہیں ایک ہے کپڑا۔ ایک ہے ضرورت کے مطابق کپڑا۔ یہ دونوں میسر آنے کے لحاظ سے ہے۔ مثلاً جہاں سردی ہے وہاں اسوہ یہ ہے کہ

سردی کے مطابق کپڑا پہنو

اور جہاں گرمی ہے وہاں گرمی کے مطابق کپڑا پہنو۔ اسی واسطے اسی کو دیکھ کے ایک بزرگ کے متعلق آتا ہے کہ وہ بڑا قیمتی کپڑا بھی پہنتے تھے۔ لیکن پیار کوئی نہیں کرتے تھے کپڑے سے۔ پیار کپڑا دینے والے سے ہی کرتے تھے۔

بتائیں یہ رہا ہوں کہ جو خیر خواہی کا جذبہ بنی نوع انسان کے لئے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے سینہ میں موجزن تھا، اس کی وسعت کا احاطہ کرنا بھی میرے اور آپ کے لئے ممکن نہیں۔ قیامت تک وہ پھیلا ہوا ہے۔ اور ہر چیز کے متعلق

زندگی کے ہر شعبہ کے متعلق

انسان کی ہر ضرورت کے متعلق۔ ہر انسان کی عمر کے مطابق آپ نے خیر خواہی کی۔ بچے کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ بزرگ کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ مرد کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ عورت کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ جانوروں کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ جو جاندار نہیں ہیں۔ ان کو اپنی خیر خواہی سے باہر نہیں چھوڑا۔ پہلے بھی میں نے بتایا تھا کہ ہر چیز کے حقوق اسلام نے قائم کئے۔ اور ان کی حفاظت کا سامان پیدا کیا۔ اس کے مطابق تعلیم دی۔ اور ہمیں حکم ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔ یہ ہمارے لئے حکم ہے۔ ہمیں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

ظلم اور فساد کو دور کرنے کی کوشش

کرو۔ ظلم اور فساد پیدا کر کے نہیں بلکہ ظلم اور فساد سے بچتے ہوئے ظلم اور فساد کو دور کرنے کی کوشش کرو۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تم ہاتھ سے کسی کو ظلم سے روکنے کے نتیجہ میں ایک اور ظلم پیدا کرنے کا موجب بن جانے کا خطرہ محسوس کرو تو ہاتھ سے ظلم نہ روکو۔ بلکہ دعا کرو اس وقت۔ اگر مادی سامان تمہارے پاس نہ ہوں یا تم سمجھو کہ اس کے استعمال سے نتائج اچھے نہیں نکلیں گے۔ مادی سامان چھوڑ دو۔ روحانی سامان سے کام لو۔ روحانی تدابیر کرو۔ اپنے خدا کے حضور جھکو۔ اپنے خدا کے حضور التجا کرو۔ تضرع سے دعا کرو کہ اے خدا بنی نوع انسان کی بھلائی کے سامان پیدا کر۔ بنی نوع انسان کی بھلائی ایک قسم کی بھی ہے۔ ہزار قسم کی بھی ہے۔ دعا کرو کہ ہر قسم کی بھلائی انہیں ملے۔ اور جو فساد اور جو ظلم آپ کو نظر آ رہے ہوں۔ ان کا نام لے کے خدا سے کہو۔

آج کی دنیا میں ہمیں یہ نظر آتا ہے کہ انسان انسان سے پیار نہیں کرتا۔ انسان، انسان سے برسرِ پیکار ہے۔ گورا کالے سے لڑ رہا ہے۔ کالا گورے سے لڑ رہا ہے۔

رنگ کا امتیاز فساد اور ظلم کا موجب

اور حق تلفی کا باعث بن رہا ہے۔ سفید فام، سیاہ فام سے لڑ رہا ہے جو گندمی رنگ والے ہیں وہ گندمی رنگ والوں سے لڑ رہے ہیں۔ جو افریقہ کے رہنے والے ہیں وہ آپس میں بھی لڑ رہے ہیں۔ عیسائی ہیں وہ عیسائیوں سے لڑ رہے ہیں اور دوسرے مذاہب والے آپس میں ہم مذہبوں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سے لڑ رہے ہیں۔

اس وقت انسان، انسان پر ظلم کر رہا ہے۔ انسان انسان کے لئے تکلیف کے سامان پیدا کر رہا ہے۔ اسے

دُکھ پہنچانے کے سامان

پیدا کر رہا ہے۔ اور ہم ہاتھ سے روکنے کی طاقت ہی نہیں رکھتے۔ جماعت احمدیہ کو میں مخاطب کر رہا ہوں۔ اور ہم سے مراد ہے جماعت احمدیہ۔ ہم ہاتھ سے ظلم روکنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ جہاں ہم ہاتھ سے ظلم روکنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ وہاں اس وجہ سے ہم ہاتھ سے ظلم روکنے سے پرہیز کرتے ہیں۔ کہ اس سے پھر اور فساد بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ لیکن اگر ہم اس قسم کی دکھوں کی ایک لمبی فہرست سامنے رکھیں اور دنیا کے ہر خطہ میں انسان، دُکھی انسان ہمیں نظر آئے تو ہم جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف خود کو منسوب کرنے والے ہیں۔ ہم جن کے آقا کے متعلق قرآن کریم میں یہ بیان ہوا کہ

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ

کہ ایمان کے تقاضے پورا کر کے جن جنتوں کو انسان حاصل کر سکتا ہے۔ وہ حاصل نہیں کر رہے۔ وہ سُکھ کی جنتیں، وہ آرام کی جنتیں، وہ امن کی جنتیں، وہ ادائیگی حقوق کی جنتیں وہ ان کو حاصل نہیں کر رہے۔ اور تو دُکھ اٹھا رہا ہے۔ لوگوں کی خاطر اپنی جان دینے کے لئے تیار ہے اس اسوہ پر عمل کرتے ہوئے

ہمیں دعائیں کرنی چاہئیں

کہ اللہ تعالےٰ انسان کو یہ سمجھ عطا کرے کہ وہ انسان سے پیار کرنے لگ جائے۔ انسان کو اللہ تعالےٰ یہ عقل عطا کرے کہ وہ انسان کے حقوق ادا کرنے لگ جائے۔ انسان کو اللہ تعالےٰ یہ اخلاق عطا کرے کہ وہ دوسرے انسانوں کے حقوق کو غصب کرنے کی کوشش نہ کرے بلکہ ادائیگی حقوق کی طرف متوجہ ہو۔

پس اس وقت میں مختصراً مگر نہایت اہم بات کی طرف جماعت کو توجہ دلا رہا ہوں۔ کہ وہ دعاؤں کے ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت کریں۔ اس قدر دعائیں کریں کہ خدا تعالےٰ ان دعاؤں کے نتیجہ میں بنی نوع انسان کے سُکھ کے سامان پیدا کرے اور آپ کے لئے پیار کی جنتوں کے سامان پیدا کرے۔

درخواستِ ہائے دُعا

۱۔ میرے ہم زلف مکرم مرزا منیر اللہ بیگ صاحب پنتوکی ایک ماہ سے بعارضہ کھانسی بیمار ہیں۔ نیز مکرم محمد شریف صاحب جاوید کی ایک لڑکی اور ایک لڑکا بعارضہ بخار بیمار ہیں۔ احباب کرام سے ان کی کامل صحت کے لئے درخواست دعا ہے۔ رانا مبارک احمد بہاولپور

۲۔ میرے لڑکے عزیزم بشیر الدین سلمہ اللہ کے ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کا فائنل امتحان ۱۸ جون سے شروع ہے اور ۴ اگست تک جاری رہے گا۔ عزیز موصوف کی اس امتحان میں نمایاں کامیابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ جماعت کے دوسرے بچے جو اس امتحان میں شامل ہیں۔ اللہ تعالےٰ انہیں نمایاں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔ محمودہ بیگم سیٹھ محمد معین الدین صاحب بہادر آباد ڈھوڈھ ۱۴ کراچی ۴

خطبہ نکاح

انسانی کوشش اطاعت خداوندی اور اسوۂ نبوی پر چلنے کے نتیجہ میں بابرکت ہوتی ہے

مورخہ ۷ احسان ۱۳۵۸ ہش بمطابق ۷ جون ۱۹۷۹ء نماز مغرب کے بعد مسجد مبارک ربوہ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے تین نکاحوں کا اعلان فرمایا۔ اس موقعہ پر حضور نے ایک مختصر خطبہ ارشاد فرمایا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ (قریشی محمد انور شاہد رکن خطبہ (دو نویسی) ربوہ)

آیاتِ مسنونہ کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

"اس وقت میں تین نکاحوں کا اعلان کروں گا اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالےٰ ان رشتوں کو مبارک کرے اور خیر کا موجب بنیں۔ اور جو گُر ہمیں اسلام نے کامیابیوں کے لئے بتایا ہے وہ یہ ہے کہ تم خدا تعالےٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ خدا تعالےٰ تمہاری کوششوں میں برکت ڈالے گا۔ کوششیں جس قسم کی بھی ہوں بابرکت ہوتی ہیں۔ خدا تعالےٰ کی اطاعت اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اسوہ پر چلنے کے نتیجہ میں اللہ تعالےٰ ہم میں سے ہر ایک کو اس کی سمجھ عطا کرے۔"

اس کے بعد حضور نے درج ذیل نکاحوں کا اعلان فرمایا۔

۱۔ مکرمہ یاسمین صاحبہ بنت محترم رشید احمد صاحب صابر ساکن ربوہ کا نکاح مکرم لطف الرحمٰن صاحب جاوید ابن محترم عبد السلام صاحب نذر گر ربوہ سے دس ہزار روپیہ مہر پر۔

۲۔ مکرمہ امۃ الکریم صاحبہ بنت محترم عبد اللہ خان صاحب ساکن ربوہ کا نکاح مکرم لطیف احمد صاحب طاہر ابن محترم چوہدری محمد شفیع صاحب ساکن ربوہ سے پانچ ہزار روپیہ مہر پر۔

۳۔ مکرمہ شاہدہ بیگم صاحبہ بنت محترم چوہدری خورشید احمد صاحب ساکن مگرا ضلع سیالکوٹ کا نکاح مکرم منصور احمد صاحب ابن محترم چوہدری نذیر احمد صاحب ساکن مگرا ضلع سیالکوٹ سے چھ ہزار روپیہ مہر پر

(ایجاب و قبول کے بعد حضور نے ان رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے اجتماعی دعا فرمائی)

ہر احمدی احباب کا فرض ہے کہ

اخبار الفضل

خود خرید کر پڑھے۔

۴۴۳۔ خاکسار کے زمین کے ایک مقدمہ کے سلسلہ میں اپیل کی سماعت ۲۶ جون کو ہوری ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مجھے اس مقدمہ میں کامیاب فرمائے اور میرے جائز حقوق مجھے دلوائے۔ آمین۔ میاں غلام رسول میرک ضلع ساہی وال

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تاریخِ احمدیت کا ایک ورق

آج سے ۲۹ سال پہلے ——— ۲۱ جون ۱۹۵۰ء

ایک بزرگ صحابی کی وفات اور انکی خدماتِ جلیلہ کا ذکر

"خدا تعالیٰ کے فضل نے مجھے ایک عمدہ اور قابل قدر مخلص دیا ہے یعنی عزیزی میاں منظور محمد کاپی نویس ——— جو نہایت خوشخط ہے۔" (حضرت مسیح موعودؑ)

برصغیر پاک و ہند اور بیرونی ممالک میں لاکھوں لوگوں کو جس قاعدہ یسرنا القرآن کے ذریعہ قرآن پاک ناظرہ پڑھنے کی توفیق ملی، اس کے موجد حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خصوصی خوشنویس حضرت صاحبزادہ پیر منظور محمد صاحب رضی اللہ عنہ ۲۱ جون ۱۹۵۰ء کو انتقال کر گئے۔ آپ لدھیانہ کے مشہور صوفی بزرگ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے فدائی حضرت صوفی احمد جان رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے تھے۔ یاد رہے کہ بیعت اولیٰ لدھیانہ میں ۲۳ مارچ ۱۸۸۹ء کو حضرت صوفی احمد جان رضی اللہ عنہ کے مکان پر ہی ہوئی تھی۔

حضرت پیر منظور محمدؓ قریباً ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کو مسیح دوراں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پہلی زیارت کا شرف ۱۸۸۴ء میں لدھیانہ کے مقام پر حاصل ہوا جہاں حضرت مسیح موعود علیہ السلام تشریف لائے تھے۔ آپ نے ۶ فروری ۱۸۹۲ء کو بیعت کی اور قریباً ۸۴ سال کی بابرکت عمر پاکر ۲۱ جون ۱۹۵۰ء کو فوت ہوئے اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہیں۔

حضرت پیر منظور محمد صاحبؓ تاریخ احمدیت جلد چہاردہم صفحہ ۲۴۱ کے مطابق ہجرت قادیان سے قبل ریاست جموں کے محکمہ تعلیم میں ملازم تھے لیکن جب مولانا نورالدین (خلیفۃ المسیح اوّل رضی اللہ عنہ) مستقل طور پر ہجرت کر کے قادیان تشریف لائے تو آپ نے بھی ہجرت کی اور الدار میں رہائش پذیر ہو گئے۔

آپ نے محض اس جذبہ سے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تصانیف بہترین صورت میں چھپ سکیں کتابت کا فن سیکھا اور اس میں کمال مہارت حاصل کی۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنے اشتہار ۴ اکتوبر ۱۸۹۹ء میں آپ کی اس فدائیت اور خدمت کا بطور خاص مندرجہ ذیل الفاظ میں ذکر فرمایا:۔

"بطور شکر احسان باری تعالیٰ کے اس بات کا ذکر کرنا واجبات سے ہے کہ میرے اہم کام تحریر تالیفات میں خدا تعالیٰ کے فضل نے مجھے ایک عمدہ اور قابل قدر مخلص دیا ہے۔ یعنی عزیزی میاں منظور محمد کاپی نویس جو نہایت خوشخط ہے جو نہ دنیا کے لئے بلکہ محض دین کی محبت سے کام کرتا ہے اور اپنے وطن سے ہجرت کر کے اس جگہ قادیان میں اقامت اختیار کی ہے اور یہ خدا تعالیٰ کی بڑی عنایت ہے کہ میری مرضی کے موافق ایسا مخلص سرگرم مجھے میسر آیا ہے کہ میں ہر ایک وقت ظن کو یا رات کو کاپی نویس کی خدمت اس سے لیتا ہوں اور وہ پوری جاں فشانی سے خدا تعالیٰ کی رضامندی کے لئے اس خدمت کو انجام دیتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ اس روحانی جنگ کے وقت میں میری طرف سے دشمنوں کو شکست دینے والے رسالوں کے ذریعے سے تابڑ توڑ مخالفوں پر فیر ہو رہے ہیں اور درحقیقت ایسے مؤید اسباب میسر کر دینا یہ بھی خدا تعالیٰ کا ایک نشان ہے۔ جس طرف سے دیکھا جائے تمام نیک اسباب میرے لئے میسر کئے گئے ہیں اور تحریر میں مجھے وہ طاقت دی گئی ہے کہ گویا میں نہیں بلکہ فرشتے لکھتے جاتے ہیں، گو بظاہر میرے ہی ہاتھ ہیں۔"

(تبلیغ رسالت جلد ہشتم صفحہ ۷)

حضرت پیر صاحب رضی اللہ عنہ کتابت کے دوران ہی جوڑوں کے درد کی وجہ سے معذور ہو گئے تو انہوں نے حضرت اقدس علیہ السلام کی منظوری سے حضور کے صاحبزادگان اور صاحبزادیوں کو قرآن شریف ناظرہ پڑھایا۔ اور بیشتر اولاد کی تعلیم قرآن کی غرض سے آپ نے "قاعدہ یسرنا القرآن" ایجاد فرمایا جو کہ برصغیر میں اور غیر ممالک میں قرآن کریم ناظرہ سیکھنے کی ابتدائی سیڑھی کے طور پر انتہائی اہم خیال کیا جاتا ہے۔ اس قاعدہ کے اب تک بیسیوں ایڈیشن چھپ چکے ہیں اور یہ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں گھر گھر پہنچ چکا ہے۔ اس قاعدہ کی تعریف میں حضور علیہ السلام نے ۱۹۰۱ء میں اپنی اولاد کی آمین میں فرمایا:۔

سے پڑھایا جس نے اس پر بھی کرم کر
جزا دے دین اور دنیا میں بہتر
رہ تعلیم اک تو نے بتا دی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

نیز اپنے قلم مبارک سے لکھا:۔

"قاعدہ یسرنا القرآن بچوں کے لئے بے شک مفید چیز ہے۔ اس سے بہتر اور کوئی طریقہ تعلیم خیال میں نہیں آتا۔"

خلافت ثانیہ کے قیام پر حضرت پیر صاحب نے رسالہ تشحیذ الاذہان میں "پسر موعود" "نشانِ فضل" اور "قدرت ثانیہ" کے عنوان سے معرکۃ الآراء مضامین لکھے جن میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات سے ثابت کیا کہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی پیشگوئی دربارہ پسر موعود کے مصداق حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی ہیں اور آپ ہی مصلح موعود ہیں۔ ان مباحث کی ریسرچ میں یہ مضامین جماعت کے لٹریچر میں بڑی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے ان کی وفات پر فرمایا:۔

"پیر منظور محمد صاحب رضؓ جنہوں نے قاعدہ یسرنا القرآن ایجاد کیا تھا، وہ پرسوں فوت ہو گئے ہیں۔ پیر صاحبؓ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پرانے صحابی تھے اور پھر حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضؓ کے سالے تھے۔ ہم جتنی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اولاد ہیں، پیر صاحب ان کے استاد ہیں بلکہ ہم تینوں بھائیوں اور ہماری بہن مبارکہ بیگم کو قرآن کریم پڑھانے کے زمانہ میں ہی انہوں نے قاعدہ یسرنا القرآن ایجاد کیا تھا۔"

(الفضل ۵ جولائی ۱۹۵۰ء)

(مرتب: یوسف سہیل شوق۔ ربوہ)

"میں جماعت کو بدقسمت سمجھوں گا اگر وہ اپنی تاریخ سے ناواقف ہو جائے۔"
(حضرت مصلح موعودؓ)

(دفاتر سے خط و کتابت کرتے وقت اپنا چندہ نمبر لکھنا نہ بھولیئے۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

ضروری اعلان

خدام کے امتحانات یکم جون کو ہو چکے ہیں۔ اگر اب بھی کسی مجلس کو سوالیہ پرچے نہ ملے ہوں تو اطلاع دیں اور جن مجالس کو پرچے مل چکے ہیں وہ حل شدہ پرچے جلد از جلد ارسال فرما دیں۔

مطالعہ کتب

ماہ جون میں خدام کے مطالعہ کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب "اسلامی اصول کی فلاسفی" مقرر ہے۔ خدام اس کا مطالعہ کریں۔

مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

زکوٰۃ فلاح و کامیابی کی کلید ہے

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے :-

"قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝"

ترجمہ :- (کامل) مومن اپنی مراد کو پہنچ گئے۔ وہ (مومن) جو اپنی نمازوں میں عاجزانہ رویہ اختیار کرتے ہیں اور لغو باتوں سے اعراض کرتے ہیں اور زکوٰۃ باقاعدہ ادا کرتے ہیں۔ ایسے مومن دنیا اور آخرت میں ہر لحاظ سے کامیاب ہوں گے۔

صاحب نصاب احباب و خواتین کی خدمت میں درخواست ہے کہ اپنی واجب الادا زکوٰۃ کی رقوم جلد از جلد مرکز میں ارسال فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب بھائیوں کو فرائض کی ادائیگی کی توفیق بخشے اور دین و دنیا میں فلاح و کامیابی سے نوازے۔ آمین۔

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

بہاولپور میں سلائیڈز

مورخہ ۱۳ جون ۱۹۷۹ء بروز بدھ جماعت احمدیہ بہاولپور میں محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل تحریک جدید نے بیرونی ممالک میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی مساعی سے متعلق دو گھنٹہ سلائیڈز دکھلائیں۔ محترم چوہدری صاحب موصوف نے بڑے دلکش انداز میں جماعت کی تاریخ اور تبلیغ پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ جماعت احمدیہ بہاولپور کے تمام دوستوں اور بہنوں نے تشریف لاکر یہ سلائیڈز دیکھیں۔ سلائیڈز کے ختم ہونے پر محترم چوہدری صاحب موصوف نے مجلس عاملہ جماعت احمدیہ بہاولپور سے خطاب فرمایا اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ غلبۂ اسلام کے دن جلد سے جلد لائے آمین

آپ کے دورے کی وجہ سے تحریک جدید کے وعدہ میں ایک ہزار پانچ سو روپے کا مزید اضافہ ہوا۔ الحمد للہ علیٰ ذلک۔ اللہ تعالیٰ سب احباب کے اموال میں برکت ڈالے۔

(رانا مبارک احمد جنرل سیکرٹری بہاولپور)

درخواست ہائے دعا

۱۔ خاکسار ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے اکثر بیمار رہتا ہے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔ (عبد الحق مجاہد امرتسری گنج مغل پورہ لاہور)

۲۔ محترمہ الحاجہ بیگم میاں محمد محسن صاحبہ ایک ماہ سے زائد عرصے سے فیصل آباد میں بیمار ہیں۔ احباب ان کی صحت کامل کے لئے دعائیں کرکے ممنون فرمائیں۔

قمر علوی سائیکل سیاح از فیصل آباد

۳۔ مکرم نذیر احمد صاحب باورچی شیزان نیویارک سے مساجد بیرون کے فنڈ میں مبلغ ۱۰۰۰ روپیہ بذریعہ مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی ارسال کرتے ہوئے قارئین سے ملتجی ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اور ان کے اہل و عیال کو اپنے خاص فضلوں اور رحمتوں سے نوازے اور ان کے اخلاص میں برکت ڈالے۔

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)

۴۔ خاکسار کا عزیز مکرم میاں نذیر احمد (سرگودھا) جو کہ مکرم بابو عبد الرحمٰن صاحب انبالوی کا پوتا ہے، بیمار ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو کامل شفاء عطا فرمائے۔ آمین (قدرت اللہ سیکرٹری مال جماعت احمدیہ سمندری)

۵۔ میرا بھانجہ ہمایوں ظفر عمر ۹ ماہ بعارضہ خسرہ بیمار ہے۔ نیز میری امی جان کی عرصہ سے طبیعت ناساز رہتی ہے۔ ہر دو کی مکمل شفایابی کے لئے درخواست دعا ہے۔ (شاہدہ نزہت بنت چوہدری بشیر احمد صاحب سرگودھا)

۶۔ خاکسار اپنی اہلیہ کی وفات کے بعد دو مرتبہ ٹائیفائڈ اور ایک دفعہ فوڈ پوائزن کا شکار ہو کر نہایت لاغر اور کمزور ہو گیا ہے۔ اب دل کا عارضہ بھی لاحق ہو گیا ہے۔ احباب جماعت اور بزرگان کی خدمت میں دردِ دل سے دعا کی درخواست ہے۔

خورشید بیگ مرزا شملوی

۷۔ خاکسار کے چچا زاد بھائی عزیزم مبارک احمد صاحب چھہ معتمد مجلس خدام الاحمدیہ چک نمبر ۱۸۴ کو موٹر سائیکل سے گرنے کی وجہ سے ہنسلی کی ہڈی میں فریکچر ہو گیا ہے

۸۔ مکرم شیخ کریم الدین صاحب ایڈووکیٹ قائد مجلس خدام الاحمدیہ بہاولنگر شہر کے چھوٹے بچے کا لاہور میں آنکھ کا آپریشن ہوا ہے۔ احباب کرام سے ہر دو کی صحت کاملہ کے لئے دردمندانہ دعا کی درخواست ہے۔

(نذیر احمد خادم۔ قائد ضلع بہاولنگر۔ چک نمبر ۱۸۴ ضلع بہاولنگر)

۹۔ عزیزم عمران افضل ملک سابق سیکرٹری مال مجلس حیدرآباد کے والد محترم ملک محمد افضل بمع اہلیہ و بچہ اپنے اپریشن کے سلسلے میں کنیڈا تشریف لے گئے ہیں۔ احباب جماعت ان کی صحت یابی اور سفر و حضر میں کامیابی کی دعا فرمائیں۔

مرزا مظفر احمد۔ ایم۔ اے حیدرآباد

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝ اے میرے رب میرے علم کو بڑھا (القرآن الحکیم) علم حاصل کرو خواہ چین جانا پڑے (فرمان رسول اکرمؐ)

(بیرونی ممالک کی بہت زیادہ ڈیمانڈ کے پیش نظر پاکستان میں)

بیکار مت بیٹھئے! اپنی نوعیت کا واحد ادارہ) کوئی ہنر سیکھئے!

تیاری بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے سلیبس کے مطابق کروائی جاتی ہے

نسیم سٹیل فکسر ٹریننگ سنٹر رجسٹرڈ اندرون موچی گیٹ لاہور

ریگولر اور سپیشل کلاسز میں داخلہ جاری ہے

ہمارا ادارہ جمعہ کے روز بھی کام کرتا ہے

• الیکٹریشن • موٹر وائنڈنگ بمعہ فارمولا ڈیزائن • ریفریجریشن و ایئر کنڈیشننگ • ریڈیو • الیکٹریکل سپروائزر اور • ویلڈنگ (گیس و الیکٹرک)

نئی کلاسز عبد الماجد چغتائی (سابقہ پرنسپل راولپنڈی) کی زیر نگرانی شروع کی گئی ہیں

نیز

• سٹیل فکسر • شٹرنگ کارپینٹر • پائپ فٹر • بلڈنگ پینٹر اور • کنسٹرکشن فورمین

کم فیس | ماہر اساتذہ کی زیر نگرانی | کم مدت

نوٹ :- تمام میٹریل طلباء کو انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے فری دیا جاتا ہے اور عملی کام کی طرف زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔ عربی بول چال فری سکھائی جاتی ہے (داخلہ جاری ہے۔ کلاسز صبح، دوپہر اور شام۔ پراسپکٹس مفت حاصل کریں)

احمدی احباب کے لئے فیس میں ۱۵٪ رعایت

نسیم سٹیل فکسر اینڈ الیکٹرونک ٹریننگ سنٹر اندرون موچی گیٹ لاہور فون 60540 / 55411

برانچ :- 65/A کشمیر روڈ نزد جی ٹی ایس بس سٹینڈ صدر راولپنڈی

قائدین مجالس سالانہ اجتماع خدام و اطفال ۱۹، ۲۰، ۲۱ اکتوبر میں زیادہ سے زیادہ نمائندگی کیلئے کوشش فرمائیں ——! (معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ اور بیرونِ ربوہ سکنی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا
سب سے پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ اس مارکیٹ ربوہ فون ۵۳۵

دانت مت نکلوائیے

ورنہ عمر بھر اس نقصان کی تلافی نہ ہو سکے گی

اینٹی پائیوریا (ANTI PYORRHEA) قیمت ۱۵/-
اینٹی کیریز (ANTI CARIES) قیمت ۱۵/-
پائیوریا منجن (PYORRHEA POWDER) قیمت ۱۵/-
ٹوتھ کیور (TOOTH CURE) قیمت ۲/-

دانتوں کے متعلق مفید لٹریچر ۲۰ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر مفت حاصل کریں

کیور ہومیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے
اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن ۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور

(گورنمنٹ کنٹریکٹر)

تشریف لائیں!

فون نمبر ۶۰۲۲۰/۵۳۴۲۰ رہائش ۶۲۹۳۰ فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۷۰۰

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

ہر قسم کی انگریزی ادویات کی خرید
اور نسخہ جات کی تیاری کے لئے
لائقِ صد اعتماد ادارہ

الکیمسٹس فون ۴۱۶۶۴

(EL-KEMISTS)

سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

منظور شدہ کیمسٹس برائے واپڈا۔ ریڈیو پاکستان
پاکستان اٹومک انرجی کمیشن۔ ایچ۔ ایف۔ ایف اور
نسپاک (NESPAK)
کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز

نیو پاک جیولرز

۱۱۱ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون ۴۱۰۹۷۴ (ایئر کنڈیشنڈ)

اور

۱۲ ذیلدار روڈ۔ اچھرہ لاہور (ایئر کنڈیشنڈ)

پروپرائٹر: میاں عظیم قادر اینڈ سنز

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں
اور
پٹوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس
اور سلنسر پائپ کیلئے ہماری خدمات سے
فائدہ اٹھائیں

میاں بھائی آٹو سٹور

۱۰ منٹگمری روڈ۔ لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے

فرخ علی جیولرز کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور

فون نمبر ۵۲۶۲۳

قدیمی — اولین — شہرۂ آفاق

دواخانہ حکیم نظام جان

ہر قسم کے مفید مشورہ کے لئے
دواخانہ حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کی خدمات حاصل کریں

منیجر حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے

پاک ٹمبر ۲۵ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور

فون نمبر ۶۲۶۱۸ گھر فون ۵۳۵۰۰
کو ہمیشہ یاد رکھیں

ہر قسم کا سامان سائنس و اجی زخوں پر خریدنے کے لئے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور فون ۶۲۵۰۰

گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

کوٹھی، مکان، پلاٹ، زرعی زمین کی خرید و فروخت کے لئے **فضل عمر کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز** نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

آپ کا مخلص، مستعد، معاون ادارہ

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تاؤ کے لگائے جاتے ہیں
ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے
شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ ربوہ فون نمبر ۵۴۳

ضرورت خادم مسجد

مسجد احمدیہ کوئٹہ کے لئے ایک مخلص، صحتمند، متقی، سائیکل سواری جاننے والے ہمہ وقت خادم مسجد کی ضرورت ہے۔ جسے مسجد، ملحقہ لائبریری کی صفائی اور مہمان خانہ کی نگرانی کے فرائض سرانجام دینے ہوں گے۔ احاطہ مسجد میں رہائش مہیا کی جائے گی۔

خواہشمند احباب اپنے مقامی امیر صاحب کی سفارش سے پتہ ذیل پر درخواستیں بھجوائیں جس میں یہ بھی تحریر فرمائیں کہ انہیں کس قدر مشاہرہ قابل قبول ہوگا۔ اور وہ یہاں اکیلے رہائش پذیر ہوں گے یا بمع اہل وعیال کے۔ (خاکسار (خلیفہ) عبدالرحمٰن سیکرٹری اصلاح وارشاد کوئٹہ)

پتہ:- 53-A-514 شارع مدرسہ۔ کوئٹہ کینٹ

شادی خانہ آبادی

عزیزم چوہدری محمد انعام یوسف صاحب ابن مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب نائب آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ کی شادی خانہ آبادی مورخہ ۷/۶/۷۹ کو عمل میں آئی۔ برات ربوہ سے صبح ۷-۳۰ پر روانہ ہوئی اور اسی دن شام کو ربوہ واپس آگئی۔

عزیزم چوہدری محمد انعام کا نکاح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے مورخہ ۱۲ فروری ۱۹۷۹ء کو عزیزہ نسیم کوثر صاحبہ بنت مکرم ملک مقبول احمد صاحب شیخوپورہ سے پڑھا تھا۔

مورخہ ۹/۶/۷۹ کو مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب نے دعوت ولیمہ کا انتظام کیا جس میں علاوہ دوسرے احباب کے خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض افراد نے بھی شرکت فرمائی۔ مکرم ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب نے رشتہ کے بابرکت ہونے کیلئے دعا کرائی۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ فریقین کیلئے بابرکت بنائے آمین۔

(عباد اللہ گیانی شیخ الفضل ربوہ)

نوٹس داخلہ
فون ۴۹۲

انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی ربوہ سرگودھا ڈویژن کا وہ پہلا [illegible] ہے جسے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے رجسٹریشن کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو روزنامہ نوائے وقت لاہور ۴ مئی ۱۹۷۹ء۔

طلباء کو بورڈ کی طرف سے وہی سرٹیفکیٹ ملے گا جو کوئٹہ پروگرام ایوننگ کلاسز میں گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے طلباء کو ملتا ہے۔

ریفریجریشن۔ ایئر کنڈیشننگ کورس میں داخلہ محدود نشستوں کیلئے ۳۰ جون تک جاری رہے گا۔

الشفیق انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی ربوہ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے منظور شدہ

۲۳-۶-۷۹
میٹرک کا رزلٹ دیکھئے!
عزیز لانڈری گولبازار ربوہ

کراچی میں جائیداد
کی خرید و فروخت مثلاً پلاٹ، مکان، کوٹھی وغیرہ کے لئے درج ذیل پتہ پر اپنے قابل اعتماد ادارہ سے رابطہ قائم کیجئے۔
لینڈ مارکس
۱۰۳ ایسی، ڈیفنس سوسائٹی کمرشل ایریا "بی"
کراچی نمبر ۴
فون- ۵۴۰۸۶۶، ۵۴۰۸۳۴

خوشخبری
جائیداد کی خرید و فروخت میں تعاون کرنے والے منفرد قابل اعتماد ادارہ کو ہمیشہ یاد رکھیں
طاہر آباد کالونی کے واحد فروخت کنندگان
★
انیس اسٹیٹس اقصیٰ روڈ
نزد مسجد احمد گولبازار ربوہ

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
بہترین، با اعتماد اور محنتی ادارہ۔ جس کا نصب العین دیانت، خدمت اور شرافت ہے۔ وہ احباب جو ان خوبیوں کو پسند کرتے ہوں، ہمیں اپنی خدمت کا موقع دیں۔
راجپوت پراپرٹی ڈیلر،
افضل مارکیٹ۔ گولبازار ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

زرعی و سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے آپ کا خادم ادارہ
علی اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلرز فون ۶۶۴
کالج روڈ۔ چوک اقصیٰ۔ ربوہ

فون ۲۶۲۲۱، ۲۶۲۶۹
تار کا پتہ HONESTMAN
راولپنڈی۔ اسلام آباد
میں
جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
آپ کا اپنا ادارہ
ریئل اسٹیٹسمین سروسز
REAL ESTATESMAN SERVICES
الٰہی چیمبرز۔ جی ۱/۱/۶ اسلام آباد
پروپرائٹر:- منصور احمد خاکی

انشاء اللہ تعالیٰ
حضرت حکیم نظام جانؓ
کے فرزند اور جانشین
حکیم عبدالحمید صاحب اعوان
مشہور دواخانہ بالمقابل ایوان محمود) ربوہ میں
ہر ماہ کی آخری جمعرات اور جمعہ کو
مطب فرمایا کریں گے
ربوہ اور اس کے قرب و جوار کے مریض ان دو دنوں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔
جمعرات: تین بجے بعد دوپہر سے شام چھ بجے تک
اور
جمعہ: صبح آٹھ بجے سے بارہ بجے دوپہر تک
مینیجر مشہور دواخانہ ربوہ

راولپنڈی و اسلام آباد
میں
پلاٹس و مکانات کی خرید و فروخت کیلئے
آپ کا اپنا ادارہ
قریشی پراپرٹی سینٹر
K, 82 ظفر الحق روڈ راولپنڈی
سے رجوع کریں

محمد شفیع بکس میکر
ہمارے ہاں
بیوٹی بکس، کٹلری بکس اور زیورات کے بکس تھوک پرچون دستیاب ہیں۔ خط لکھ کر مال منگوائیں۔
محمد شفیع بکس میکر
مین بازار، پھولوں والی گلی سیالکوٹ شہر

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
با اعتماد ادارہ
ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز
فون ۵۲۱
فون گھر ۴۳۱
ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن
رحمت بازار ربوہ کو یاد رکھیں